نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

یوایس ایڈ کے 40 چائلڈ پروٹیکشن سینٹرز سے زلزلہ سے متاثرہ بچوں کی ذہنی صحت کی بحالی میں مدد

اسلام آباد (16 اپریل 2006ء) ___ امریکہ کے ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) اور انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی (آئی آر سی) نے 1,700 سے زیادہ اُن بچوں کی جذباتی اور سماجی ضروریات کے پیش نظر کھیلوں کے چالیس مراکز قائم کئے ہیں جو 8 اکتوبر کے زلزلہ سے متاثر ہوئے تھے اور اُن کے اسکول تباہ ہو گئے تھے۔ بچوں کے لئے خصوصی طور پر تیار کردہ ان مراکز میں ان بچوں کی معمول کی زندگی کی بحالی کے لئے محفوظ جگہیں فراہم کی گئی ہیں۔

صوبہ سرحد کے ایک گاؤں ملکاں کی ایک خاتون عذرا اقبال اپنے گاؤں کے ایک ایسے ہی مرکز کی نگران ہیں، جہاں 170 بچوں کے لئے سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ ان مراکز نے زلزلہ سے متاثرہ بچوں کی ذہنی صحت کی بحالی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ شروع میں یہ بچے بات چیت بھی نہیں کرتے تھے۔ انہیں چپ سی لگ گئی تھی۔ لیکن گزشتہ چھ ماہ کے دوران، انہوں نے مختلف سرگرمیوں میں بھرپور طور پر حصہ لینا شروع کر دیا ہے۔ کھیلوں کے اِن مراکز کے بغیر یہ بچے گلیوں میں پھر رہے ہوتے۔

ثمینہ گل، جو آئی آر سی چائلڈ پروٹیکشن مینیجر ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ اپنے گھروں اور اسکولوں سے محرومی اور روزمرہ کے معمولات مثلاً کمرہ جماعت میں جانا اور دوستوں کے ساتھ کھیلنے سے محرومی نے بچوں کے مسائل میں اضافہ کر دیا ہے۔ یہ مراکز بچوں کو ان کی معمول کی زندگی کی طرف واپس لا رہے ہیں۔

ہر مرکز میں ایک بالغ سپروائزر اور مقامی آبادی سے تعلق رکھنے والے دو رضا کار موجود ہیں۔ سپروائزرز کو بچوں کو مختلف سرگرمیوں سے متعارف کرانے کی تین روزہ تربیت دی گئی ہے جس میں انہیں بچوں کے نفسیاتی مسائل سے نمٹنے کے متعلق بھی بتایا جاتا ہے۔

اِن مراکز میں تین سے اٹھارہ سال تک کی لڑکیاں اور تین سے سولہ سال کے لڑکے آتے ہیں اور روزانہ تین گھنٹے سے زیادہ وقت گزارتے ہیں مرکز میں گزارے گئے وقت کے دوران اِن بچوں کے والدین کو تعمیر نو کے اہم کام سرانجام دینے کا وقت مل جاتا ہے۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کل 51 کروڑ ڈالر کی امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3